# ڈائری لکھیے

5023CH03



رات کا کھانا کھانے کے بعد گھر کے لوگ ٹی وی دیکھنے میں مصروف تھے۔ حامد اپنے کمرے میں لیٹا آرام کر رہا تھا۔ دوستوں کی کئی دل چسپ باتیں اُسے یاد آ رہی تھیں۔ آج پکنک میں بڑا مزا آیا۔

''حامد بیٹا! ایک گلاس پانی لانا۔'' ابّو کی آواز سنائی دی۔ وہ پانی لے کر پہنچا تو دیکھا کہ ابّو میز پر جھکے ہوئے کچھ لکھ رہے تھے۔ حامد نے پوچھا— ''ابّو اس وقت آپ کیا لکھ رہے ہیں۔''

''بیٹا، میں ڈائری لکھ رہا ہوں۔''

''ابّو کل ہماری کلاس ٹیچر بھی ڈائری کا ذکر کر رہی تھیں۔ آپ مجھے ڈائری کے بارے میں کچھ بتائیے۔''

حامد کے ابّو نے بتایا— ''ڈائری لکھنا ایک دل چسپ مشغلہ ہے۔ اس کے بہت سے فائدے ہیں۔ بعض مشہور

لوگوں کی زندگی کے بارے میں تو اُن کی ڈائری ہی سے معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ اردو میں ڈائری کو روزنامچہ بھی کہتے ہیں۔ کچھ لوگ اسے پابندی کے ساتھ لکھتے ہیں اور کچھ لوگ کبھی کبھی۔ زندگی کے اہم واقعات ڈائری کی شکل میں پیش کیے جاتے ہیں۔

بیٹے! تم خود بھی ڈائری لکھ سکتے ہو، اس طرح تمھیں لکھنے کی عادت اور مشق ہو جائے گی۔ ڈائری میں اپنی زندگی کے علاوہ دوست، احباب، خاندان اور ملک کے اہم واقعات اور حالات غرض سبھی کچھ لکھا جا سکتا ہے۔''

ابّو نے حامد کو ایک نئی سادہ ڈائری دی۔ حامد نے پوچھا— ''ابّو میں ڈائری میں لکھنا کیسے شروع کروں؟''

ابّو نے بتایا— ''حاشیہ چھوڑ کر سب سے پہلے تاریخ اور دن لکھو۔ پھر لکھو کہ تم صبح کس وقت جاگے۔ معمولات میں کوئی تبدیلی آئی ہو تو لکھو کہ آج صبح میں سات بجے جاگا۔ ویسے میں روزانہ پانچ بجے اٹھ جاتا ہوں۔ دراصل میں کل پکنک پر گیا تھا۔ تکان کی وجہ سے دیر تک سوتا رہا۔ ٹھیک ہے بیٹا! اپنی پکنک کے بارے میں کچھ باتیں لکھو۔ جیسے بس کا سفر، جب چڑیا گھر پہنچے تو وہاں کیا کیا دیکھا، موسم کا ذکر، جانوروں کے بارے میں لکھو۔ کسی دن کوئی عزیز آجائے، یا تم کسی دوست کے یہاں گئے ہو تو اس کا ذکر بھی ڈائری میں ہو سکتا ہے۔

امّی یا بھیّا کے ساتھ بازار جانا ہوا ہو تو وہ بھی لکھ سکتے ہو۔ جو چیزیں خریدی ہوں، ان کی قیمت لکھ لو۔ اس طرح چیزوں کی قیمتیں بھی تمھاری ڈائری میں محفوظ ہو جائیں گی۔ اگر تم پرانے لوگوں کی ڈائری دیکھو گے تو چیزوں کی قیمتیں جان کر تمھیں حیرت ہوگی۔''

حامد غور سے ساری باتیں سن رہا تھا— ''ابّو! ڈائری لکھنا تو واقعی دل چسپ اور اہم کام ہے۔ ڈائری میں اور کیا کچھ لکھا جا سکتا ہے؟''

''زندگی کے کسی بھی اہم اور دل چسپ واقعے کو ڈائری میں قلم بند کیا جا سکتا ہے۔ کسی عزیز، کسی ادیب، اہم سیاسی لیڈر، مذہبی رہنما کا انتقال ہوا ہو یا ملک میں کوئی اہم واقعہ پیش آیا ہو تو اس کا بھی ذکر کر سکتے ہیں۔ اگر تمھارے ساتھ کسی نے بھلائی یا احسان کیا ہو تو اس کا ذکر بھی ضرور کرنا چاہیے۔ ایسا کوئی واقعہ جس سے اخلاقی سبق

© NCERT not to be republished

ملتا ہو، یا کسی کا اچھا شعر یا قول بھی اپنی ڈائری میں لکھا جاسکتا ہے۔ اس طرح تمھاری ڈائری کی ایک دستاویزی اہمیت بھی ہو جائے گی۔ آج کل کمپیوٹر میں بھی زندگی کی اہم یادیں محفوظ کی جانے لگی ہیں۔ یہ بھی ڈائری کی ہی ایک شکل ہے۔''

## مشق

### 1 معنی یاد کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| معمولات | : | وہ کام جو روزانہ کیے جائیں، معمول کی جمع |
| حیرت | : | تعجب |
| احباب | : | دوست، حبیب کی جمع |
| حاشیہ | : | صفحے کا کنارہ |
| قلم بند کرنا | : | لکھنا |
| دستاویز | : | قیمتی کاغذات |

### 2 سوچیے اور بتائیے:

(i) حامد کے ابّو اپنی میز پر جھکے ہوئے کیا لکھ رہے تھے؟

(ii) ڈائری کو اردو میں کیا کہا جاتا ہے؟

(iii) ڈائری لکھنے کے کیا فائدے ہیں؟

© NCERT not to be republished

(iv) حامد کے ابّو نے کیوں کہا کہ اگر تم پرانے لوگوں کی ڈائری دیکھو گے تو چیزوں کی قیمتیں جان کر تمھیں حیرت ہوگی؟

## 3 نیچے دیے ہوئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

قیمت　　رہنما　　مشق　　موسم

## 4 خالی جگہوں کو نیچے دیے ہوئے الفاظ سے بھریے:

تکان　　دل چسپ　　مشغلہ　　یاد　　عادت

(i) دوستوں کی دل چسپ باتیں اسے ________ آرہی تھیں۔

(ii) ڈائری لکھنا ایک دل چسپ ________ ہے۔

(iii) اس طرح تمھیں لکھنے کی ________ اور مشق ہوجائے گی۔

(iv) ________ کی وجہ سے دیر تک سوتا رہا۔

(v) ڈائری لکھنا تو واقعی ________ اور اہم کام ہے۔

## 5 عملی کام:

مشہور ڈائریوں اور ان کے مصنفین کے نام معلوم کر کے لکھیے۔



© NCERT not to be republished